روح اخبار

— پٹنہ ۱۸ر جولائی، عام خواندگی کی تحریک کو مستقل اور مستحکم بنیادوں پر قائم کرنے کیلئے حکومت بہار نے دو لاکھ روپیہ منظور ہے۔ تازہ ترین اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ عام خواندگی کی تحریک کے نتیجہ میں ۶ لاکھ ان پڑھوں کو پڑھا لکھا بنا دیا گیا۔ (تیج)

— حکومت یو پی نے یہ قانون منظور کر لیا ہے کہ کسانوں کی آراضی تیس سال یا اس سے زیادہ عرصہ تک رہن رہی ہو تو رہن قم ادا سمجھی جائے گی۔ اور اس آراضی کا قبضہ بلا کسی ادائگی کے کسان کو دلوا دیا جائے گا۔ (تیج)۔

— ایک بنگالی انجنیر نے ایک ایسا طریقہ ایجاد کیا ہے جس سے ریل گاڑیوں کے حادثے بند ہو جائیں گے۔ اس سلسلے میں وں نے جو آلہ تیار کیا ہے اس کے حقوق وہ پیٹینٹ کرا رہے ہیں اور حکام نے اس ضمن میں ان کی درخواست منظور کر لی ہے کا بیان ہے کہ اس آلہ کے ذریعہ ریلوے لائن کے ساتھ بجلی کے تار اس طرح لگا دیئے جائیں گے کہ اگر کسی شخص نے دو یشنوں کے درمیان کسی مقام پر ریل کی پٹڑی اکھاڑ دی ہوگی، یا کسی مقام پر ریل کی پٹڑی طغیانی کی وجہ سے بہ گئی ہوگی تو ریل ی سٹیشن پر سے چل نہ سکیگی، جس مقام پر ریلوے لائن خراب ہوگی اس سے بہت دور ریل گاڑی خود بخود کھڑی ہو جائے گی س ایجاد کی بدولت اس حالت میں بھی گاڑی اسٹیشن سے روانہ نہ ہو سکے گی جبکہ لائن کلیر غلط دیا جائے گا۔ غرضیکہ کسی صورت بھی ریلوے لائن اگر خراب ہوگی تو ٹرین چل ہی نہ سکے گی، اور اگر ٹرین چل رہی ہوگی تو خطرناک مقام سے کافی فاصلے پر بخود کھڑی ہو جائے گی۔ (انقلاب)

— ۱۹۲۹ء میں شاہ دکن نے جامعہ ملیہ دہلی کو اپنی عمارت بنانے کیلئے پچاس ہزار روپیہ عطا فرمایا تھا، لیکن ابھی وہ عمارت نامکمل تھی اسلئے حضور نظام نے اسکی تکمیل کیلئے اس سال پھر مزید ایک لاکھ کا عطیہ عنایت فرمایا ہے۔ (ہمدرد جامعہ)۔

— حکومت مصر نے حکومت حجاز سے استدعا کی تھی کہ اُسے حجاز میں سڑکیں تعمیر کرنے کی اجازت دیجائے تاکہ مسلمانان م کو سفر کرنے میں تکلیف نہ ہو۔ حکومت حجاز نے ایک معاہدہ کے ذریعہ اس کی اجازت دیدی، حکومت مصر نے چند ماہرین تعمیرات کو حجاز بھیجکر وہاں کے حالات کا مشاہدہ کرایا ان انجنیروں نے اپنی رپورٹ پیش کردی مصری وزارت تعمیر نے پر بڑی اچھی طرح غور کیا اور ٹنڈر طلب کئے، چنانچہ اس کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا ہے (زمزم)

— بمبئی کانگرسی حکومت نے یکم اگست سے شراب بیچنے اور پینے کی قانوناً ممانعت کردی ہے خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دی جائیگی۔

آپ گھبرائیں نہیں

طلبہ سالانہ امتحان کی تیاری میں مصروف ہیں امید ہے کہ انشاء اللہ شعبان کی ابتدائی تاریخوں میں امتحان ہوگا۔ سالانہ ن کی کارروائی بھی آئندہ نمبر کے محدث میں شائع ہوگی اسلئے شاید اکتوبر کا پرچہ اپنے معمول کے خلاف دو چار روز کے بعد ہو۔ اول تو ہم وقت ہی پر شائع کرنیکی کوشش کرینگے لیکن بالفرض کچھ دیر ہو تو آپ گھبرائیں نہیں۔ انشاء اللہ دو ہی چار روز کے بعد پرچہ کے پاس پہنچ جائیگا۔ اطلاعاً یہ اعلان شائع کیا جا رہا ہے تاکہ خریداروں کو تشویش نہ ہو۔ (منیجر)